Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں
Pages-12 ● 18 :شمارہ ● 13:جلد ● KOLKATA ● Sunday, 18th January, 2026 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● بمطابق ۲۸ ررجب المرجب ۱۴۴۷ھ ● اتوار، ۱۸ رجنوری ۲۰۲۶ء ● کلکتہ

Titas® FOOTWEAR

شادی بیاہ اور تہوار کے موقع پر تشریف لائیں
جے این۔ راکشت اینڈ سنس جیولرس
916 کے 22Pure کرات کے
سونے کے گہنے دستیاب ہیں
J.N.RAKSHIT & SONS JEWELLERS
J-282, Paharpur Road, Kolkata-24
9903977176 | 6290176714

# بھائی چارگی کو فروغ دینے والی ممتا پر وزیر اعظم کی زہر افشانی

## ابھیشیک نے ملک میں نفاق پیدا کرنے والے مودی کو بغل جھانکنے کی تاکید کی



مالدہ، 17 رجنوری: 2026 کے الیکشن سے پہلے بی جے پی مذہبی تقسیم کو ایک آلہ کے طور پر استعمال کر رہی ہے۔ مالدہ میں ملک کے پہلے وندے بھارت سلیپر ٹرین کا افتتاح کرنے آئے وزیر اعظم مودی کی آواز میں ہندوتوا کا لطیف اشارہ ہے۔ انہوں نے ہوڑہ-کاکھیا وندے بھارت سلیپر ٹرین کو ماں کالی اور ماں کمکھیا کے درمیان ایک کڑی کے طور پر بیان کیا۔ مودی نے مالدہ اسٹیج سے ترنمول حکومت کے خلاف مسلسل کئی جارحانہ تبصرے کیے ہیں۔ بدلے میں، برہم پور سے، ترنمول آل انڈیا جنرل سکریٹری ابھیشیک بنرجی نے ہندو مسلم تقسیم کی سخت مخالفت کی۔ ان کا دو ٹوک سوال ہے کہ "وہ اسٹیج کس نے بنایا جہاں سے آپ ممتا کی توہین کر رہے ہیں؟ ہندو یا مسلمان؟" اس سلسلے میں انہوں نے کئی اور مثالیں دیں۔ انہوں نے واضح طور پر کہا ہے کہ بنگال کو مذہبی تقسیم کی سیاست سے نہ جیتا جا سکتا ہے اور نہ جیتا جائے گا۔ بیلڈانگا صرف 20 کلومیٹر دور ہے جہاں سے ابھیشیک نے سنیچر کو برہم پور میں روڈ شو کیا تھا۔ گزشتہ 2 دنوں سے عوامی احتجاج کی وجہ سے وہاں کی (باقی صفحہ 4 پر)

## ایران میں تشدد میں اسرائیلی کردار کے ناقابل تردید شواہد ہیں: ایران

تہران، 17 جنوری (یو این آئی) ایرانی وزارت خارجہ نے جی سیون ممالک کے بیان کو مداخلت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران میں تشدد اور دہشت گردی میں اسرائیلی کردار کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے (باقی صفحہ 4 پر)

## دھرادون کے تیونی جنگلات میں لگی بھیانک آگ، سیب کے باغات جل کر راکھ

17 رجنوری: دہرادون کے ایک دور افتادہ پہاڑی علاقے تیونی کے جنگل میں بھیانک آگ لگ گئی۔ اس آگ نے ہرٹاڑ گاؤں کے قریب بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے۔ جنگل میں لگی یہ آگ دیکھتے ہی دیکھتے رہائشی اور زرعی علاقوں میں پھیل گئی جس کے سیب سینکڑوں درخت جل کر راکھ ہو گئے وہیں ایک دو منزلہ مکان بھی آگ کی زد میں آگیا جو پوری طرح تباہ ہو گیا ہے۔

مقامی لوگوں کے مطابق آگ اتنی بھیانک اور تیز تھی کہ پورے گاو?ں میں کہرام مچ گیا۔ گاو?ں والے ادھر ادھر بھاگتے رہے، پانی کی بالٹیوں سے آگ بجھانے کی کوشش کی لیکن تیز ہواؤں اور دشوار گزار پہاڑی علاقے میں آگ پر قابو پانا مشکل ہو گیا۔ سخت مشقت کے بعد جب آگ پر قابو پایا گیا لیکن تب تک آگ نے جنگل کے سینکڑوں درختوں کے ساتھ ساتھ کسانوں کی (باقی صفحہ 4 پر)

## روہت ویمولا کے سوال ختم نہیں ہوئے، لڑتے رہنا ہماری ذمہ داری ہے: راہل

نئی دہلی، 17 جنوری (یو این آئی) کانگریس کے سابق صدر اور لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی نے کہا ہے کہ ایک دہائی قبل جس روہت ویمولا کی جان گئی تھی، اسی نوعیت کے سوال آج بھی زندہ ہیں اور ملک کا دلت سماج آج بھی اسی طرح کے ماحول کا شکار ہے، اس لیے ان کی لڑائی لڑتے رہنا ہماری ذمہ داری ہے۔

مسٹر گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ (باقی صفحہ 4 پر)

® اَمِت بھڑ
تال مصری
خاندانی روایت کی پیداوار

پورے خاندان کا بھروسہ
آسنسول کیلئے ڈسٹری بیوٹر کی ضرورت ہے
Mobile: 8910532083 - 7278434606


گٹھیا کے درد میں؟
کسی بھی قسم کے درد، چوٹ موچ، گٹھیا، جلنے، کٹنے اور بچوں کی مالش میں بہت مفید ہے
زعفرانی تیل ®
ZAFRANI TEL


گیسٹک کے درد میں بدہضمی
بھوک کی کمی، درد جگر
قبض، سینے کی جلن اور
پیٹ کے امراض میں بے حد مفید ہے
گیسٹک کے درد میں
قادری قبض ٹروجن
GASTRIC KE DARD MEIN?
QADRI QABZTROZIN
قادری دواخانہ
Qadri Dawakhana ™
LARGEST UNANI G.M.P. CERTIFIED COMPANY
An ISO 9001:2015 Certified Company
Head Office : B-35/1, Iron Gate Road, Kolkata - 700 024, Ph : 033-2469-3173


کھولئے بینک کھاتہ
کہیں بھی، کسی بھی وقت!
بذریعہ
ویڈیو کال
KYC
آر بی آئی کہتا ہے...
جان کار بنیں، چوکنے رہیں!
• کھولئے بینک کھاتہ یا کیجئے اپ ڈیٹ KYC بذریعہ رئیل ٹائم ویڈیو انٹرایکشن (ویڈیو KYC) بینک کے کسی بھی تسلیم شدہ سرکاری ذریعے سے
• KYC استعمال کرتے ہوئے بینک، گاہک کی شناخت کی تصدیق کرے گا
• بنیادی ڈاکیومینٹس مطلوب ہوں گے: CKYC آئیڈینٹٹی فائر یا آدھار یا ڈیجی لاکر میں شناختی ڈاکیومینٹس اور پین
• بینک کے کام کے اوقات کے مطابق ویڈیو KYC دستیاب ہے۔
مزید تفصیلات کے لئے،
https://rbikehtahai.rbi.org.in/VKYC پر جائیں
آفیشنل واٹس ایپ نمبر
99990 41935 / 99309 91935
عوام کی فلاح کی خاطر جاری
ریزرو بینک آف انڈیا
RESERVE BANK OF INDIA
www.rbi.org.in

# گرین لینڈ پر قبضے کی امریکی خواہش کے پیچھے کس کاسمیٹکس کمپنی کا ہاتھ



واشنگٹن، 17 جنوری (یو این آئی) گرین لینڈ کو حاصل کرنے کی امریکی خواہش محض ایک جغرافیائی یا عسکری سوچ نہیں بلکہ اس کے پیچھے ایک بااثر امریکی کاروباری شخصیت اور معروف کاسمیٹکس کمپنی کے مفادات کارفرما ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ یورپی ممالک کی جانب سے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس ارادے پر شدید تحفظات اور کھلے انتباہات سامنے آنے کے بعد اس معاملے کے پس منظر میں موجود کردار مزید نمایاں ہو گئے ہیں۔ فرانس کے وزیر خزانہ رولان لیسکور نے حال ہی میں امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ کو واضح الفاظ میں خبردار کیا کہ ڈنمارک کے زیر انتظام قطبی جزیرے گرین لینڈ پر قبضے کی کوئی بھی کوشش یورپ کی "سرخ لکیروں" کو عبور کرنے کے مترادف ہوگی۔ فرانسیسی وزیر خزانہ کے مطابق گرین لینڈ ایک خود مختار ریاست کا حصہ اور یورپی یونین سے وابستہ علاقہ ہے، اس لیے اس کی حیثیت کے ساتھ چھیڑ چھاڑ یورپ اور امریکہ کے درمیان معاشی تعلقات کو سنگین خطرات سے دوچار کرسکتی ہے۔ 2018 میں قومی سلامتی کے مشیر رہنے والے جان بولٹن نے اخبار دی گارڈین کو بتایا کہ اپنی پہلی صدارتی مدت کے دوران ایک دن ڈونلڈ ٹرمپ نے مجھے اوول آفس میں بلایا اور کہا کہ ایک نمایاں تاجر نے ابھی تجویز پیش کی ہے کہ امریکہ کو گرین لینڈ خرید لینا چاہیے۔ یہ ایک غیر معمولی تجویز تھی اور اس کا آغاز صدر کے ایک دیرینہ دوست کی جانب سے ہوا تھا، جو بعد میں ڈنمارک کے زیر انتظام اس علاقے میں کاروباری مفادات حاصل کرنے والا تھا۔ بولٹن کے مطابق یہ تاجر رونالڈ لاؤڈر تھے۔ رونالڈ لاؤڈر عالمی کاسمیٹکس برانڈ "ایسٹی لاؤڈر" سے جڑی دولت کے وارث ہیں اور ایک دولت مند نیویارکر کی حیثیت سے ٹرمپ کو 60 برس سے زیادہ عرصے سے جانتے ہیں۔ بولٹن کا کہنا ہے کہ انہوں نے گرین لینڈ سے متعلق اس تجویز پر خود لاؤڈر سے بھی گفتگو کی۔ اس ارب پتی کی مداخلت کے بعد وائٹ ہاؤس کی ایک ٹیم نے گرین لینڈ میں امریکی اثر و رسوخ بڑھانے کے طریقوں پر غور شروع کردیا۔ بولٹن کے مطابق ٹرمپ کی دوسری صدارتی مدت میں لاؤڈر کے اس خیال کو دوبارہ آگے بڑھانا صدر کے طرزِ عمل کی عکاسی کرتا ہے۔ "وہ دوستوں سے سنی ہوئی باتوں کو حقیقت مان لیتے ہیں اور پھر ان کی رائے بدلنا ممکن نہیں رہتا۔" "یہ تجویز بظاہر ٹرمپ کے سامراجی عزائم کو بھڑکانے کا سبب بنی ہے۔ 8 سال بعد وہ اب صرف گرین لینڈ خریدنے پر غور نہیں کر رہے بلکہ ممکنہ طور پر طاقت کے ذریعے اسے حاصل کرنے کے بارے میں بھی سوچ رہے ہیں۔ گارڈین کے مطابق صدر کے گرد موجود بہت سے افراد کی طرح، لاؤڈر کی پالیسی سے متعلق تجاویز بھی ان کے کاروباری مفادات سے جڑی نظر آتی ہیں۔ جیسے جیسے ٹرمپ نے گرین لینڈ پر قبضے کی دھمکیاں بڑھائی ہیں، ویسے ہی لاؤڈر نے وہاں تجارتی اثاثے حاصل کر لیے ہیں۔ لاؤڈر اس کنسورشیم کا بھی حصہ ہیں جو یوکرین کے معدنی وسائل تک رسائی کی خواہش مند ہے۔ لاؤڈر کا کہنا ہے کہ ان کی ملاقات ٹرمپ سے 1960 کی دہائی میں ہوئی تھی، جب دونوں نے ایک ہی معروف بزنس اسکول میں تعلیم حاصل کی۔ خاندانی کاسمیٹکس کاروبار میں کام کرنے کے بعد، لاؤڈر نے رونالڈ ریگن کے دور میں پینٹاگون میں خدمات انجام دیں، پھر آسٹریا میں امریکی سفیر مقرر ہوئے، اور 1989 میں نیویارک کے میئر کے عہدے کے لیے ناکام انتخابی مہم بھی چلائی۔ اخبار کے مطابق رونالڈ لاؤڈر گرین لینڈ میں پہلے ہی متعدد کاروباری منصوبوں میں سرمایہ کاری کر چکے ہیں، جن میں نایاب معدنی وسائل کی تلاش، لگژری پانی کی برآمد اور پن بجلی کے منصوبے شامل ہیں۔ لاؤڈر کا ماننا ہے کہ گرین لینڈ میں موجود قیمتی معدنی ذخائر اور برف پگھلنے کے نتیجے میں کھلنے والے نئے بحری راستے نہ صرف عالمی تجارت بلکہ مستقبل کی عالمی سلامتی کے لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتے ہیں۔ یوں گرین لینڈ پر امریکی قبضے کی خواہش محض سیاسی یا دفاعی حکمتِ عملی نہیں بلکہ اس کے پیچھے طاقتور تجارتی مفادات اور ایک عالمی کاسمیٹکس کمپنی کے وارث کی سوچ بھی نمایاں طور پر کارفرما دکھائی دیتی ہے۔

## جریدے نیچر کا انکشاف، سعودی عرب کے غاروں سے 4800 سال پرانے حنوط شدہ چیتے دریافت



ریاض، 17 جنوری (یو این آئی) شمالی سعودی عرب کے غاروں میں قدرتی طور پر محفوظ شدہ چیتوں کی پہلی سائنسی دریافت سامنے آئی ہے، محققین کو مجموعی طور پر 7 قدرتی طور پر حنوط شدہ چیتے ملے ہیں۔ یہ اہم سائنسی تحقیق نیشنل سینٹر فار وائلڈ لائف ڈویلپمنٹ کی جانب سے کی گئی، جسے عالمی شہرت یافتہ جریدے ''نیچر: کمیونیکیشنز ارتھ اینڈ انوائرمنٹ'' میں شائع کیا گیا ہے۔ مقالے میں کہا گیا ہے کہ سعودی عرب کے غار حیاتیاتی تنوع کے قدرتی ذخیرے ہیں، تحقیق کے مطابق انہی غاروں میں قدرتی طور پر حنوط شدہ چیتوں کی پہلی باقاعدہ سائنسی دستاویز بندی کی گئی۔ مذکورہ غاروں میں مختلف ادوار سے تعلق رکھنے والے چیتوں کے 54 ڈھانچوں کی باقیات بھی دریافت ہوئیں۔ یہ دریافت اس بات کا ثبوت ہے کہ چیتا نسبتاً حالیہ دور تک جزیرہ نما عرب میں موجود رہا ہے۔ یہ مطالعہ ایک وسیع فیلڈ سروے پر مبنی تھا، جس کے دوران مملکت کے شمالی علاقوں میں واقع 134 غاروں کی جانچ کی گئی۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق محققین نے دریافت شدہ نمونوں کی عمر، جینیاتی تعلق اور عمر کے گروہوں کا تعین کرنے کے لیے ریڈیو کاربن ڈیٹنگ، مکمل جینیاتی تجزیہ اور ریڈیو گرافی جیسی جدید سائنسی تکنیکیں استعمال کیں۔ تحقیقی نتائج سے معلوم ہوا کہ یہ چیتے مختلف طویل زمانی ادوار میں ان غاروں میں موجود رہے۔ سب سے قدیم نمونہ تقریباً 4800 سال پرانا جب کہ سب سے جدید تقریباً 127 سال قدیم ہے۔ یہ شواہد اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ چیتا جزیرہ نما عرب میں معدوم ہونے سے پہلے تک یہاں آباد رہا تھا۔ جینیاتی تجزیوں سے یہ بھی انکشاف ہوا کہ دریافت شدہ چیتے دو بڑی نسلوں، یعنی ایشیائی چیتے اور شمال مغربی افریقی چیتے، سے قریبی جینیاتی تعلق رکھتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ معلومات مستقبل میں چیتوں کی دوبارہ آبادکاری کے لیے موزوں نسل کے انتخاب میں ایک مستند سائنسی بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ واضح رہے کہ مملکت گزشتہ برسوں کے دوران ہرن اور عربی بارہ سنگھا (یعنی چیتے کے قدرتی شکار) کی کامیاب دوبارہ آبادکاری کرچکی ہے۔ مطالعے میں غاروں کے کردار کو بھی نمایاں کیا گیا ہے، جہاں کے مخصوص ماحولیاتی حالات نے جانوروں کی باقیات کو قدرتی طور پر محفوظ رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس دریافت نے جزیرہ نما عرب میں چیتے کی ارتقائی تاریخ اور اس کے قدیم جغرافیائی پھیلاؤ سے متعلق موجود علمی خلا کو پُر کرنے کا ایک نادر موقع فراہم کیا ہے۔

☆☆☆

## سعودی فرماں رواشاہ سلمان کا طبی معائنہ مکمل، اسپتال سے روانہ

جدہ، 17 جنوری (یو این آئی) سعودی عرب میں سعودی فرماں رواشاہ سلمان بن عبدالعزیز طبی معائنے کے بعد اسپتال سے روانہ ہوگئے۔ سعودی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سعودی فرماں رواشاہ سلمان بن عبدالعزیز کا طبی معائنہ ریاض کے کنگ فیصل اسپیشلسٹ اسپتال میں کیا گیا۔ رپورٹس کے مطابق شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے تمام ٹیسٹ مکمل ہوگئے جو مکمل تسلی بخش رہے۔ یاد رہے کہ خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز گزشتہ روز اسپیشلسٹ اسپتال میں طبی معائنہ کروانے کے لیے پہنچے تھے۔

## روسی صدر کی ایرانی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم کو ثالثی کی پیشکش

ماسکو، 17 جنوری (یو این آئی) روسی صدر ولادی میر پوتن نے ایرانی صدر اور اسرائیلی وزیراعظم کو ثالثی کی پیشکش کردی۔ روسی صدر نے مسعود پزشکیان اور نیتن یاہو سے ٹیلیفون پر بات چیت کے دوران ثالثی کی پیشکش کی، پوتن نے زور دیا کہ روس ثالثی کی کوششیں جاری رکھنے کے لیے تیار ہے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن سے رابطہ کیا اور سلامتی کونسل کے اجلاس میں روس کی حمایت پر شکریہ ادا کیا۔ کریملن کے ترجمان نے کہا روسی صدر کشیدگی کم کرنے کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ مسعود پزشکیان نے روسی صدر کے ساتھ گفتگو میں کہا ایران میں حالیہ واقعات میں امریکہ اور اسرائیل کا براہِ راست کردار اور مداخلت واضح ہے۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ ایران کی داخلی پالیسی عوام دوست ہے اور عوامی مشکلات 'ایران پر ظالمانہ پابندیوں' کا نتیجہ ہیں۔

## چین کا شجیان 32- سیٹلائٹ لانچ مشن ناکام

شچانگ، 17 جنوری (یو این آئی) چین کے شجیان سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے شجیان 32- سیٹلائٹ کا لانچ مشن ہفتہ کے روز ناکام ہوگیا۔ اس مشن میں لانگ مارچ 3-بی کیریر راکٹ استعمال کیا گیا تھا۔ جنوب مغربی صوبہ سچوان میں واقع لانچ سینٹر سے راکٹ نے بیجنگ وقت کے مطابق رات 12:55 بجے پرواز بھری، تاہم پرواز کے دوران ایک غیر معمولی واقعہ پیش آیا۔ اس ناکامی کی وجوہات کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

## افغان طالبان کو سفارتی محاذ پر مسلسل ناکامیوں کا سامنا

کابل، 17 جنوری (یو این آئی) افغانستان پر قابض طالبان حکومت کو سفارتی محاذ پر مسلسل ناکامیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آریانہ نیوز اور افغان انٹرنیشنل نے روسی عہدیدار ضمیر کابلوف کے بیان کا حوالہ دیا جس میں روسی عہدیدار کا کہنا ہے کہ افغان مسئلے پر روس کا امریکہ سے نہ کوئی رابطہ ہوا ہے اور نہ ہی رواں سال کوئی اجلاس ہے۔ ضمیر کابلوف کے مطابق روس اور امریکہ نے افغانستان کے حوالے سے کوئی براہ راست مذاکرات بھی نہیں کیے ہیں۔ ادھر مڈل ایسٹ آئی نے بیان دیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ نے افغان باشندوں کی امریکہ میں آبادکاری کے لیے قطر میں قائم کیمپ بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مڈل ایسٹ آئی کے مطابق افغانستان سے انخلا کے بعد افغان باشندوں کو عارضی طور اس کیمپ میں رکھا گیا تھا۔

## وینزویلا کی قائم مقام صدر نے کابینہ میں ردوبدل کا کیا اعلان

کاراکاس، 17 جنوری (یو این آئی) وینزویلا کی قائم مقام صدر ڈیلسی روڈریگز نے جمعہ کے روز اپنی کابینہ میں تین تبدیلیوں کا اعلان کیا۔ محترمہ روڈریگز نے ٹیلیگرام پر بتایا کہ میگوئل پیریز پیریلا کو وزیر اطلاعات و مواصلات مقرر کیا گیا ہے، جو فریڈی عینیز کی جگہ لیں گے، جبکہ فریڈی عینیز وزارتِ ایکوسوشلسزم (ماحولیاتی و سماجی امور) کی قیادت کریں گے۔ محترمہ روڈریگز نے کہا کہ اپنے نئے رول میں مسٹر عینیز "ہماری زمین کے تحفظ اور ماحولیاتی حفاظت سے متعلق تمام امور کے لیے عوامی پالیسیوں کو فروغ دیتے رہیں گے۔" قائم مقام صدر روڈریگز نے اینیبل کورونا ڈو کو وزیرِ ٹرانسپورٹ مقرر کیا ہے۔

## وائٹ ہاؤس نے غزہ امن بورڈ کے اراکین کے ناموں کا کیا اعلان

واشنگٹن، 17 جنوری (یو این آئی) وائٹ ہاؤس نے جمعہ کے روز ایک بیان جاری کرتے ہوئے غزہ کے لیے قائم کیے گئے امن بورڈ کے اراکین کے ناموں کا باضابطہ اعلان کیا۔ بیان کے مطابق امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اس امن بورڈ کی سربراہی کریں گے۔ بورڈ کے اراکین میں امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو، صدر ٹرمپ کے خصوصی ایلچی اسٹیو وِٹکوف، ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر اور برطانیہ کے سابق وزیر اعظم ٹونی بلیئر شامل ہیں۔ صدر ٹرمپ نے جمعرات کو کہا تھا کہ غزہ کے لیے امن بورڈ قائم کردیا گیا ہے اور اس کے اراکین کے ناموں کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

## کینیڈا میں چینی الیکٹرک گاڑیوں کی انٹری، امریکہ کی وارننگ

اوٹاوا، 17 جنوری (یو این آئی) امریکہ نے کینیڈا کی جانب سے چینی الیکٹرک گاڑیوں (ای وی ایس) کو درآمد کی اجازت دینے کے فیصلے پر سخت ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کینیڈا کو اپنے اس فیصلے پر پچھتانا پڑے گا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکی وزیرِ ٹرانسپورٹ شان ڈفی کا کہنا تھا کہ کینیڈا نے چینی گاڑیوں کو اپنی مارکیٹ میں آنے کی اجازت دے کر غلط فیصلہ کیا ہے اور یہ گاڑیاں امریکا میں داخل نہیں ہونے دی جائیں گی۔ واضح رہے کہ کینیڈا نے 2024ء میں چینی الیکٹرک گاڑیوں پر 100 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا تاہم گزشتہ روز وزیرِ اعظم مارک کارنی نے بیجنگ میں ایک معاہدے کا اعلان کیا ہے جس کے تحت 49 ہزار تک چینی الیکٹرک گاڑیاں 6.1 فیصد ٹیرف پر کینیڈا درآمد کی جاسکیں گی۔ امریکی تجارتی نمائندے جیمیسن گریئر کے مطابق یہ گاڑیاں صرف کینیڈا تک محدود رہیں گی اور امریکی آٹو انڈسٹری پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑے گا تاہم اُن کا کہنا تھا کہ امریکہ اپنے آٹو ورکرز کے تحفظ کے لیے چینی گاڑیوں پر سخت ٹیرف کا فیصلہ قائم رکھے گا۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکا میں گاڑیوں کی سائبر سیکیورٹی سے متعلق سخت قوانین موجود ہیں جس کے باعث چینی گاڑیوں کے لیے امریکی مارکیٹ میں آنا مشکل ہوگا۔

☆☆☆

# غزہ بورڈ آف پیس کا اعلان

واشنگٹن، 17 جنوری (یو این آئی) وائٹ ہاؤس نے غزہ ایگزیکٹو بورڈ کے قیام کا اعلان کردیا، ٹرمپ نے ٹونی بلیئر اور جیرڈ کشنر کو غزہ کے 'بورڈ آف پیس' میں نامزد کیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سابق برطانوی وزیرِ اعظم ٹونی بلیئر کو غزہ بورڈ آف پیس میں شامل کرلیا ہے، جس سے توقع کی جارہی ہے کہ یہ بورڈ غزہ میں فلسطینیوں کے خلاف اسرائیل کی نسل کش جنگ کے خاتمے کے لیے امریکی صدر کے 20 نکاتی منصوبے کی نگرانی کرے گا۔ وائٹ ہاؤس نے جمعہ کے روز بتایا کہ بلیئر اس بورڈ کے بانی ایگزیکٹو اراکین میں شامل ہوں گے، جن میں ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر، امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو، اور مشرقِ وسطیٰ کے لیے امریکی خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف بھی شامل ہیں۔ دیگر اراکین میں اپولو گلوبل مینجمنٹ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک روون، ورلڈ بینک گروپ کے صدر اجے بنگا اور امریکی نائب قومی سلامتی مشیر رابرٹ گیبریل شامل ہیں۔ بلغارین سفارت کار اور اقوامِ متحدہ کے سابق اعلیٰ عہدیدار نکولے ملادینوف غزہ کے لیے ہائی ریپریزنٹیٹو کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔ آریے لائٹ اسٹون اور جوش گروئن بام بورڈ آف پیس کے سینئر ایڈوائزرز مقرر کیے گئے ہیں۔ ترکی کے وزیرِ خارجہ ہاکان فیدان، قطری سفارت کار علی الثوادی اور دیگر شخصیات بھی بورڈ میں شامل ہیں۔ وائٹ ہاؤس نے بتایا کہ امریکی میجر جنرل جیسپر جیفرز کو غزہ کے لیے بین الاقوامی استحکامی فورس کا کمانڈر مقرر کردیا گیا ہے۔ یہ غزہ ایگزیکٹو بورڈ، ہائی ریپریزنٹیٹو کے دفتر اور غزہ کی انتظامیہ کے لیے قائم قومی کمیٹی (نیشنل کمیٹی فار دی ایڈمنسٹریشن آف غزہ (این سی اے جی) کی معاونت کرے گا، جس کی سربراہی علی شعث کریں گے۔ توقع ہے کہ یہ کمیٹی حماس کی جگہ غزہ کے روزمرہ انتظامی امور سنبھالے گی۔ علی شعث فلسطینی اتھارٹی کے سابق نائب وزیرِ ٹرانسپورٹ رہ چکے ہیں۔ ان کا تعلق غزہ کے شہر خان یونس سے ہے، تاہم وہ اس وقت مقبوضہ مغربی کنارے میں مقیم ہیں۔

# مقامی جنگ بندی سے زاپوریژیا جوہری بجلی گھر میں مرمتی کام ممکن ہوا: آئی اے ای اے

ویانا، 17 جنوری (یو این آئی) بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) نے جمعہ کو ایک بیان میں کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان طے پائی مقامی جنگ بندی کے نتیجے میں زاپوریژیا جوہری بجلی گھر (زیڈ این پی پی) کی متاثرہ بیک اَپ بجلی لائن کی مرمت کا آغاز ممکن ہو سکا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یوکرین کے بجلی گرڈ کے آپریٹر کے تکنیکی ماہرین آئندہ دنوں 330 کے وی لائن کی مرمت کا کام شروع کریں گے۔ یہ لائن دو جنوری کو فوجی سرگرمیوں کے بعد متاثر ہوئی تھی اور اس کی فراہمی منقطع ہو گئی تھی۔ اس دوران مرمتی کاموں کی نگرانی کے لیے آئی اے ای اے کی ایک ٹیم موقع کی جانب روانہ ہوگئی ہے۔ اس وقت زیڈ این پی پی اپنی واحد فعال 750 کے وی مرکزی بجلی لائن پر منحصر ہے۔ آئی اے ای اے کے ڈائریکٹر جنرل رافیل گراسی نے ایک بیان میں کہا کہ "آئی اے ای اے زاپوریژیا جوہری بجلی گھر میں جوہری تحفظ کو یقینی بنانے اور تنازع کے دوران کسی جوہری حادثے کو روکنے کے لیے دونوں فریقوں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔ یہ عارضی جنگ بندی، جو ہماری بات چیت کے ذریعے چوتھی مرتبہ ممکن ہوئی ہے، اس ناگزیر رول کی عکاسی کرتی ہے جو ہم ادا کرتے آرہے ہیں۔" یورپ کی سب سے بڑی جوہری تنصیبات میں سے ایک زاپوریژیا بجلی گھر مارچ 2022 سے روس کے کنٹرول میں ہے۔

☆☆☆

## مغربی کنارے میں اسرائیلی ہیلی کاپٹر گرا

غزہ، 17 جنوری (یو این آئی) مغربی کنارے کے جنوب میں ایک اسرائیلی فوجی ہیلی کاپٹر اچانک فنی خرابی کے باعث گر کر تباہ ہوگیا۔ ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں دکھایا گیا کہ اسرائیلی ہیلی کاپٹر اچانک فضا سے زمین پر گر گیا، اسرائیلی فوج کا کہنا ہے کہ اس حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا ہے۔ العربیہ کے نامہ نگار کے مطابق ہیلی کاپٹر اچانک فضا سے زمین پر آ گرا، جس کے بعد اسرائیلی فوج نے وضاحت کی کہ منگل کے روز خراب موسمی حالات کے باعث "البوما" ماڈل کا ہیلی کاپٹر ایک کھلے علاقے میں ہنگامی طور پر اتارا گیا تھا، جمعے کی صبح ہیلی کاپٹر کو دوبارہ فعال بنانے کی کوشش کے دوران یہ حادثہ پیش آیا۔ اسرائیلی فضائیہ کے کمانڈر تومر بار نے حادثے کی وجہ جاننے کے لیے فوجی تحقیقاتی کمیٹی قائم کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ یہ واقعہ ایسے وقت سامنے آیا ہے جب فلسطینی اسیران کلب نے بتایا کہ اسرائیلی فورسز نے بدھ کی رات اور جمعرات کی صبح مغربی کنارے میں کارروائیوں کے دوران 50 فلسطینیوں کو گرفتار کیا، جن میں ایک خاتون، دو بچے اور کئی سابق قیدی شامل ہیں۔ روئٹرز کے مطابق یہ گرفتاریاں اور تفتیشی کارروائیاں خاص طور پر الخلیل کے قصبے الشیوخ اور جنین کے علاقے کفر راعی میں کی گئیں۔ اسرائیلی حکام نے ان گرفتاریوں پر کوئی سرکاری مؤقف جاری نہیں کیا، جب کہ فلسطینی سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینیوں کی تعداد 9300 سے تجاوز کرچکی ہے، جن میں 49 خواتین اور 350 کم عمر بچے شامل ہیں۔

## امریکہ میں موجودہ فلو سیزن کے دوران 1 کروڑ 80 لاکھ سے زائد کیسز رپورٹ

لاس اینجلس، 17 جنوری (یو این آئی) امریکہ میں موجودہ فلو سیزن کے دوران اب تک کم از کم 1 کروڑ 80 لاکھ افراد انفلوئنزا کا شکار ہو چکے ہیں، جبکہ 2 لاکھ 30 ہزار افراد کو اسپتال میں داخل کرایا گیا اور 9 ہزار 300 اموات رپورٹ درج کی گئی ہیں۔ یہ اعداد و شمار جمعہ کو امریکی ادارے سینٹرز فار ڈیزیز کنٹرول اینڈ پریوینشن نے جاری کیے۔ سی ڈی سی کے مطابق، ملک بھر میں موسمی فلو کی سرگرمیاں اب بھی بلند سطح پر ہیں، تاہم گزشتہ دو ہفتوں سے ان میں کمی یا استحکام دیکھا جا رہا ہے۔ ادارے نے بتایا کہ اس سیزن میں امریکا میں سب سے زیادہ انفلوئنزا اے وائرس رپورٹ ہوا ہے۔ 10 جنوری کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران فلو سے متعلق 15 بچوں کی اموات رپورٹ ہوئیں، جس کے بعد رواں سیزن میں بچوں میں فلو سے ہونے والی مجموعی اموات کی تعداد 32 ہو گئی ہے۔ سی ڈی سی کے مطابق، بچوں میں رپورٹ ہونے والی اموات میں سے 90 فیصد ایسے بچوں کی تھیں جنہیں فلو کے خلاف مکمل ویکسین نہیں لگائی گئی تھی۔ سی ڈی سی نے بتایا کہ امریکا میں فلو کا سیزن عموماً خزاں اور سردیوں میں ہوتا ہے، جبکہ اس کی شدت زیادہ تر دسمبر سے فروری کے درمیان دیکھی جاتی ہے۔ ادارے نے ایک بار پھر چھ ماہ یا اس سے زائد عمر کے تمام افراد پر زور دیا ہے کہ اگر انہوں نے ابھی تک اس سیزن کی فلو ویکسین نہیں لگوائی تو جلد از جلد ویکسینیشن کرائیں۔

## ایران پر حملہ نہ کرنے کیلئے خود اپنے آپ کو قائل کیا: ٹرمپ

واشنگٹن، 17 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ کسی نے انہیں ایران پر حملہ نہ کرنے کے لیے قائل نہیں کیا بلکہ خود اپنے آپ کو قائل کیا۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق صحافیوں سے بات کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ کسی نے مجھے قائل نہیں کیا، میں نے خود اپنے آپ کو قائل کیا تھا۔ امریکی صدر نے کہا کہ گزشتہ روز ایران میں 800 افراد کو پھانسی دی جانی تھی لیکن کسی کو پھانسی نہیں دی گئی، اس کا بہت بڑا اثر پڑا۔ ٹرمپ نے اپنے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر پوسٹ میں ایران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس بات کی قدر کرتے ہیں کل جن افراد کو پھانسیاں دی جانی تھیں اب ایرانی قیادت انہیں پھانسی نہیں دے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا تھا اسرائیل کے وزیرِ اعظم بن یامین نیتن یاہو نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ایران پر ممکنہ امریکی فوجی حملہ مؤخر کرنے کی درخواست کی تھی۔

## صدر ٹرمپ کا ایک بار پھر ہند-پاک جنگ رکوانے کا ذکر

فلوریڈا، 17 جنوری (یو این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر ہند-پاک جنگ رکوانے کا ذکر کردیا ان کا کہنا ہے کہ ہند-پاک جنگ سمیت 8 جنگیں رکوائیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پام بیچ فلوریڈا میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے یو اے ای سمیت مختلف ممالک کا دورہ کیا، میرے ان دوروں سے امریکہ میں سرمایہ کاری آئی۔ اپنے خطاب میں امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر ہند-پاک جنگ رکوانے کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے ہند-پاک جنگ سمیت 8 جنگیں رکوائیں، پاکستانی وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کہا تھا کہ صدر ٹرمپ نے ایک کروڑ افراد کی جانیں بچائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک سال پہلے تصور بھی نہیں کیا جاسکتا تھا کہ امریکہ میں اتنی زیادہ سرمایہ کاری آئے گی، ایک سال پہلے تک امریکی معیشت بے جان تھی اب اس میں جان آگئی ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ 8 ماہ کے دوران کوئی تارک وطن غیر قانونی طور پر امریکہ میں داخل نہیں ہوا، ہم نے غیر قانونی تارکین وطن کو امریکہ میں داخل ہونے سے روک دیا ہے، ڈاکو، قاتل اور مینٹل اسپتال سے آئے لوگ امریکہ میں داخل ہو رہے تھے۔ وینزوئیلا کے صدر سے متعلق ان کا کہنا تھا کہ نکولس مادورو نے امریکہ کے خلاف جرائم کیے سب سے پہلے امریکہ ویژن کے تحت تمام کارروائیاں کیں۔

## امریکہ کے شہر منی اپولس میں مظاہرے جاری، 12 افراد گرفتار

لاس اینجلس، 17 جنوری (یو این آئی) امریکی ریاست منی سوٹا کے سب سے بڑے شہر منی اپولس میں امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ کی کارروائیوں کے خلاف جاری مظاہروں کے دوران جمعرات کی شب 12 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ حکام نے جمعہ کو اس کی تصدیق کی۔ امریکی محکمۂ داخلہ سلامتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ "قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں پر حملے کے الزام میں 12 اینٹی آئی سی ای مظاہرین کو گرفتار کیا گیا ہے۔ مقامی میڈیا کے مطابق مظاہرے جمعہ کو بھی جاری رہے اور مظاہرین کی بڑی تعداد بشپ ہنری وِپل فیڈرل بلڈنگ کے باہر جمع تھی۔ ادھر امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے جمعہ کے روز اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر منی سوٹا کی ڈیموکریٹ قیادت پر تنقید جاری رکھی۔ یہ مظاہرے ریاست میں وفاقی آئی سی ای ایجنٹس سے متعلق متعدد واقعات کے بعد شروع ہوئے۔ 7 جنوری کو ایک آئی سی ای ایجنٹ نے رینی گڈ نامی 37 سالہ خاتون کو ہلاک کر دیا تھا، جس کے بعد ملک بھر میں احتجاج شروع ہو گیا۔ ڈی ایچ ایس نے تصدیق کی ہے کہ گزشتہ پانچ ہفتوں کے دوران منی سوٹا میں 2,500 سے زائد گرفتاریاں عمل میں آئی ہیں، جبکہ حالیہ ہفتوں میں تقریباً 3,000 وفاقی اہلکار ریاست میں تعینات کیے جا چکے ہیں۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Sunday, 18th January, 2026

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
اتوار، ۱۸/جنوری ۲۰۲۶ء

SPORTS کھیل کی دنیا

# اندور میں فیصلہ کن ون ڈے میں ہندوستان اور نیوزی لینڈ آمنے سامنے



اندور، 17 جنوری (یواین آئی) اندور کے ہولکر کرکٹ اسٹیڈیم میں اتوار کو ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلے جانے والے سیریز کے تیسرے اور فیصلہ کن ون ڈے انٹرنیشنل میں تاریخ داؤ پر لگی ہوگی۔ ہندوستان کے دورۂ نیوزی لینڈ کے اس آخری مقابلے میں مہمان ٹیم تقریباً دو دہائیوں بعد ہندوستانی سرزمین پر ون ڈے سیریز جیتنے کی نایاب تاریخ رقم کرنے کی کوشش کرے گی۔

سیریز اس وقت 1-1 سے برابر ہے، جس کے باعث فیصلہ کن میچ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ ہندوستان اپنی مضبوط گھریلو کارکردگی سے اعتماد حاصل کرنا چاہے گا، کیونکہ گزشتہ 20 برسوں میں وہ اپنی سرزمین میں نیوزی لینڈ کے خلاف کوئی بھی ون ڈے سیریز نہیں ہارا، جبکہ اندور میں اس کا ریکارڈ بھی شاندار ہے، جہاں وہ ساتوں میچ جیت کر ناقابلِ شکست (7-0) رہا ہے۔

ہندوستانی ٹیم راجکوٹ میں کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میں سات وکٹوں کی شکست کے بعد اس مقابلے میں اترے گی۔ اس میچ میں کے ایل راہل کی ناٹ آؤٹ سنچری (112) اور کپتان شبمن گل کی شاندار نصف سنچری (56) کے باوجود ہندوستان بلے بازی کے لئے سازگار وکٹ پر سات وکٹوں کے نقصان پر 284 رن ہی بنا سکا۔ یہ اسکور ناکافی ثابت ہوا اور نیوزی لینڈ نے 47.3 اوورز میں تین وکٹوں کے نقصان پر 286 رن بنا کر ہدف بآسانی حاصل کرلیا۔

ڈیرل مچل نے شاندار ناٹ آوٹ 131 رن بنا کر ٹیم کی جیت میں کلیدی کردار ادا کیا اور ول ینگ (87) کے ساتھ 162 رن کی فیصلہ کن شراکت قائم کی۔ مچل اس سیریز میں نیوزی لینڈ کے نمایاں ترین کھلاڑی رہے ہیں اور اب تک 215 رن بنا چکے ہیں، جبکہ ہندوستان کی جانب سے کے ایل راہل 141 رن کے ساتھ بلے بازی میں سب سے آگے ہیں۔ ہندوستان کی گیند بازی، خاص طور پر اسپن شعبہ، اہم لمحات میں رن دینے کے باعث تنقید کی زد میں ہے۔ کلدیپ یادو اور رویندر جڈیجہ پر بہتر کارکردگی کا دباؤ ہوگا، جبکہ ارشدیپ سنگھ کی ممکنہ شمولیت محمد سراج اور پرسدھ کرشنا کے ساتھ سوئنگ کا ایک اہم آپشن فراہم کر سکتی ہے۔ دوسری جانب نیوزی لینڈ پچھلے میچ میں اپنی منظم گیند بازی کارکردگی سے پرجوش ہے، جس کی قیادت کرسچن کلارک نے کی، جنھوں نے درمیانی اوورز میں تین اہم وکٹیں حاصل کیں۔ اگرچہ آخری اوورز میں مہمان ٹیم نے کچھ زیادہ رن دیے، تاہم مجموعی کارکردگی نے انہیں ہندوستان کی سرزمین میں ایک یادگار سیریز جیتنے کا حقیقی موقع فراہم کیا ہے۔ ہولکر کرکٹ اسٹیڈیم کی پچ بلے بازوں کے لیے سازگار سمجھی جاتی ہے، جہاں چھوٹی باؤنڈریز ہیں اور ون ڈے میچوں میں پہلی اننگز کا اوسط اسکور 316 رن ہے۔ اگرچہ ماضی میں پہلے بلے بازی کرنے والی ٹیموں کو کامیابی حاصل رہی ہے، تاہم حالیہ مقابلوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہدف کے تعاقب میں کھیلنے والی ٹیموں کو برتری ملی ہے، جس کی وجہ سے ٹاس نہایت اہم ہوگیا ہے۔ ٹاس جیتنے والی ٹیم سے توقع ہے کہ وہ پہلے گیند بازی کا فیصلہ کرے گی۔

موسمی حالات کرکٹ کے لیے موزوں رہنے کی توقع ہے۔ دن بھر دھوپ رہے گی، درجۂ حرارت تقریباً 26 ڈگری سیلسیس کے آس پاس ہوگا، نمی کم رہے گی اور بارش کا کوئی امکان نہیں ہے۔

فیصلہ کن مقابلے سے قبل بہترین گھریلو ریکارڈ کی بنیاد پر ہندوستان کو مضبوط دعویدار قرار دیا جا رہا ہے۔ جہاں اس کی جیت کا امکان 78 فیصد بتایا جا رہا ہے، جبکہ نیوزی لینڈ کے امکانات 22 فیصد ہیں۔ ہندوستان کی فتح کی صورت میں میزبان ٹیم سیریز 2-1 سے اپنے نام کرلے گی، جب کہ نیوزی لینڈ تاریخ کا رخ موڑتے ہوئے ایک یادگار کامیابی درج کرنے کی امید رکھے گا۔ میچ کا آغاز ہندوستانی وقت کے مطابق دوپہر 1:30 بجے ہوگا۔

# دِمنتھا مہاوِتھان اور ویرن چاموڈِتھا کی شاندار سنچریاں، سری لنکا نے 387/4 رن بنائے

ونڈہوک، 17 جنوری (یواین آئی) ویرن چاموڈِتھا (192) اور دِمنتھا مہاوِتھان (115) کی شاندار سنچری اننگز کی بدولت سری لنکا نے ہفتہ کو انڈر 19-ورلڈ کپ کے آٹھویں مقابلے میں جاپان کے خلاف چار وکٹ پر 387 رن کا بڑا اسکور بنایا۔ آج یہاں جاپان کی انڈر 19-ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اتری سری لنکن ٹیم کے لیے دِمنتھا مہاوِتھان اور ویرن چاموڈِتھا کی اوپننگ جوڑی نے ریکارڈ 328 رن کی شراکت قائم کر کے بڑے اسکور کی بنیاد رکھی۔ دِمنتھا مہاوِتھان نے 125 گیندوں میں 11 چوکے کی مدد سے 115 رن بنائے، جبکہ ویرن چاموڈِتھا نے 146 گیندوں میں 26 چوکے اور ایک چھکا لگاتے ہوئے 192 رن کی یادگار اننگز کھیلی۔ سری لنکا کی یہ دونوں وکٹیں 44ویں اور 45ویں اوور میں گریں۔ 47ویں اوور میں دولِتھ سگھیرا (پانچ) تیسرے وکٹ کے طور پر آؤٹ ہوئے، جبکہ کوویجا گماگے چار رن بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ سری لنکا نے مقررہ 50 اووروں میں چار وکٹ پر 387 رن اسکور کیے۔ کپتان وِمَتھ دِنسارا نے 24 گیندوں میں ایک چوکا اور دو چھکے کی مدد سے ناٹ آوٹ 44 رن بنائے۔ جاپان کی جانب سے ٹموتھی مور نے تین وکٹیں حاصل کیں۔



# زمبابوے نے ٹی-20 ورلڈ کپ 2026 سے قبل کورٹنی والش کو مشیر مقرر کیا

ہرارے، 17 جنوری (یواین آئی) زمبابوے کرکٹ نے آئندہ ٹی 20-ورلڈ کپ سے قبل ویسٹ انڈیز کے سابق عظیم فاسٹ بولر کورٹنی والش کو اپنے معاون عملے میں بطور مشیر مقرر کیا ہے۔ برِصغیر میں کھیلنے کا وسیع تجربہ رکھنے والے والش نے اس عالمی ٹورنامنٹ سے قبل ٹیم کے ساتھ کام شروع کردیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ سات فروری سے آٹھ مارچ تک کھیلا جائے گا۔ بین الاقوامی کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے مطابق زمبابوے گروپ بی میں آسٹریلیا، آئرلینڈ، عمان اور سری لنکا کے ساتھ شامل ہے۔ زمبابوے اس ٹورنامنٹ میں واپسی کررہا ہے، کیونکہ وہ 2023 میں افریقہ کوالیفائر کے ذریعے کوالیفائی کرنے میں ناکام رہا تھا، جس کے باعث 2024 کے ایڈیشن میں حصہ نہیں لے سکا تھا۔ تاہم اس مرتبہ اس نے نامیبیا کے ساتھ آئی سی سی مینز ٹی 20-ورلڈ کپ افریقہ کوالیفائر 2025 کے ذریعے کوالیفائی کیا ہے۔ زمبابوے کرکٹ کے مینیجنگ ڈائریکٹر گیومور ماکونی نے کہا کہ یہ تقرری عالمی ٹورنامنٹ سے قبل ٹیم کی تکنیکی گہرائی کو مضبوط بنانے کے مقصد سے کی گئی ہے۔ ماکونی نے کہا، "کورٹنی والش بین الاقوامی کرکٹ کی اعلیٰ ترین سطح پر، خاص طور پر تیز گیند بازی میں، بے مثال تجربہ اور سمجھ رکھتے ہیں۔ جب ہم آئی سی سی مینز ٹی 20-ورلڈ کپ کی تیاری کررہے ہیں تو ہمارے لیے ضروری تھا کہ ہم ایسے شخص کو شامل کریں جو یہ جانتا ہو کہ عالمی سطح پر کامیابی کے لیے کیا درکار ہوتا ہے۔" انہوں نے مزید کہا، "کورٹنی کا علم، پیشہ ورانہ انداز اور کھلاڑیوں کی رہنمائی کی صلاحیت ہمارے لیے نہایت قیمتی ثابت ہوگی، کیونکہ ہم آنے والے چیلنجز کے لیے اپنے گیند بازی وسائل کو مزید بہتر بنا رہے ہیں۔" زمبابوے اپنے مینز ٹی 20-ورلڈ کپ مہم کا آغاز نو فروری کو کولمبو کے سنگھلی اسپورٹس کلب گراؤنڈ میں عمان کے خلاف کرے گا، جس کے بعد 13 فروری کو آر۔ پریم داسا اسٹیڈیم میں آسٹریلیا سے مقابلہ ہوگا۔



## سری لنکا کے ویرن چاموڈِتھا نے انڈر 19-ورلڈ کپ میں تاریخ رقم کردی

ونڈہوک، 16 جنوری (یواین آئی): ری لنکا کے ویرن چاموڈِتھا نے آئی سی سی انڈر 19-مینز کرکٹ ورلڈ کپ کی تاریخ میں ایک اننگز میں انفرادی طور پر سب سے زیادہ اسکور بنانے کا اعزاز حاصل کر کے تاریخ رقم کردی۔ 2026 کے ایڈیشن میں اپنے پہلے میچ میں جاپان کے خلاف انہوں نے 192 رن کی شاندار اننگز کھیلی۔ اس دوران انہوں نے 2018 کے ٹورنامنٹ میں کینیا کے خلاف ہستھ بویاگوڈا کے 191 رن کے ریکارڈ کو پیچھے چھوڑ دیا، تاہم بعد میں ٹموتھی مور نے انہیں آؤٹ کردیا۔ اپنی اس یادگار اننگز میں انہوں نے 26 چوکے اور ایک چھکا لگایا۔ آئی سی سی کے مطابق تاریخ اس وقت رقم ہوئی جب دِیمنتھا مہاویتانا کے ساتھ ان کی 328 رنز کی اوپننگ شراکت ٹورنامنٹ کی تاریخ میں کسی بھی وکٹ کے لیے سب سے بڑی شراکت ثابت ہوئی۔ اس شاندار اور ریکارڈ ساز اوپننگ شراکت نے 2026 کے ایڈیشن میں اپنے پہلے میچ میں سری لنکا کو جاپان انڈر 19 کے خلاف 388 رنز کا بڑا ہدف مقرر کرنے میں مدد کی۔

## ڈیوڈ وارنر کی شاندار سنچری کے باوجود سڈنی تھنڈرز کو شکست کا سامنا

سڈنی، 17 جنوری (یواین آئی) آسٹریلیا کے سابق لیجنڈ کرکٹر ڈیوڈ وارنر نے بگ بیش لیگ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک اور سنچری اپنے نام کرلی، تاہم یہ اننگز بھی ان کی ٹیم سڈنی تھنڈرز کو شکست سے نہ بچا سکی۔ بگ بیش لیگ کے 37ویں میچ میں سڈنی تھنڈرز کی قیادت کرتے ہوئے وارنر نے 65 گیندوں پر 110 رنز کی ناقابلِ شکست اننگز کھیلی۔ یہ ان کے ٹی ٹوئنٹی کیریئر کی دسویں سنچری ہے، جس کے ساتھ ہی وہ مختصر فارمیٹ میں سب سے زیادہ سنچریز بنانے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ کر تیسرے نمبر پر آ گئے ہیں۔







Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804

پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30، چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔-(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ) RNI WBURD/2014/56804